| 92 | دیول گھاٹ | بلڈانہ | سلمیٰ شاہین |
| 93 | آکولہ | آکولہ | ثروت سلمیٰ |
| 94 | آکوٹ | آکولہ | رخسانہ باجی |
| 95 | بارسی ٹاکلی | آکولہ | آمینہ بیگم |
| 96 | مرتضیٰ پور | آکولہ | آفرین نکہت |
| 97 | آلے گاؤں | آکولہ | اسماء پروین |
| 98 | پاتور | آکولہ | صداقت بانو عبدالکریم |
| 99 | امراوتی | امراوتی | ترنم پروین |
| 100 | اچل پور | امراوتی | سائرہ بانو |
| 101 | انجن گاؤں سورجی | امراوتی | فرحینہ شیرین |
| 102 | چکھلدرا | امراوتی | عرشیہ شبنم |
| 103 | گھاٹ لاڑکی | امراوتی | سائرہ بانو |
| 104 | پرت واڑہ | امراوتی | شاہین اختر |
| 105 | دھارنی | امراوتی | خیرالنساء |
| 106 | ناگپور مشرق | ناگپور | ڈاکٹر صبیحہ |
| 107 | ناگپور مغرب | ناگپور | مریم جمیلہ |
| 108 | کامٹھی | ناگپور | حسینہ نشاط |
| 109 | کنہان | ناگپور | نشاط پروین |
| 110 | دہے گاؤں | ناگپور | ذہین صدیقی |
| 111 | امریڈ | ناگپور | ریحانہ بیگم |

# دعوت

## وطنی بھائیوں تک اللہ کا پیغام پہنچانا جماعت کا مشن

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:




### آدیواسیوں میں کام :

- ❖ جناب حبیب خان تڑوی آدی باسی علاقوں میں کام کے لئے فارغ ہیں۔
- ❖ ان تین ماہ میں موصوف نے 74 تڑوی پٹھانوں سے ملاقاتیں کی۔
- ❖ انفرادی ملاقات کے ذریعہ احساس دلایا گیا کہ وہ مسلمان ہیں۔
- ❖ 26 فیملیز سے رابطہ قائم کرکے اسلام کی تعلیمات پیش کی گئی۔ ان کے لڑکے لڑکیوں کو دینی مدرسوں میں داخل کیا گیا۔
- ❖ 10 بیماروں کی عیادت کی گئی اور انہیں اسپتال لے جایا گیا۔
- ❖ 16 افراد کے مختلف داخلے بنا کر دیئے گئے۔
- ❖ حکومت کی سہولتیں فراہم کی گئیں۔
- ❖ سرپنچ کے الیکشن میں اہم رول ادا کیا گیا۔
- ❖ مسلمانوں کے دوگرہوں میں مفاہمت کروائی گئی۔
- ❖ 4 کوئنٹل گیہوں غریبوں میں تقسیم کئے گئے۔
- ❖ 07 دیگر آدی باسیوں سے مل کر اسلام سمجھایا گیا۔

## نو ہدایت یافتگان سینٹر :

الحمدللہ یہ کام کر رہا ہے۔03 نوجوان اور 01 خاتون اپنے بچے کے ساتھ تربیت حاصل کر رہے ہیں۔گذشتہ چند مہینوں میں ان کے شادی بیاہ اور رہائش کے مسائل کو حل کیا گیا۔ ایک صاحب کو کاروبار سے لگایا گیا۔سینٹر کے سلسلے میں ایک میٹنگ لی گئی ہے۔

## حلقہ کی دعوتی ویب سائٹس:

حلقہ کی جانب سے دو علاحدہ علاحدہ دعوتی ویب سائٹس کارفرما ہیں۔اسلام ویژن انگریزی ویب سائٹ پر عدد اور اسلام درشن مراٹھی ویب سائٹ پر 4140 افراد نے وزٹ کی۔ یہ ویب سائٹ انگریزی:.2415، مراٹھی:3982 صفحات پر مشتمل ہیں۔






سیرت نبویؐ کی تعلیمات پر مبنی پونہ میں منفرد دعوتی نمائش گیلری





## برادران وطن کی اہم شخصیات سے ملاقات :

درج ذیل اہم شخصیات سے ملاقات کر کے دعوت دین دی گئی:

- ☆ ڈاکٹر جالندر سوپیکر (s.p جل گاؤں)
- ☆ آنند بانگ
- ☆ ڈاکٹر ایم. بی. جھنور
- ☆ شیام تائڈے
- ☆ کشور پاڑوی (dy.s.p جل گاؤں)
- ☆ بھارت پاٹل
- ☆ گوکل چودھری
- ☆ ادئے پاٹل
- ☆ پردیپ دیشمکھ (سابق صدر، بار اسوسی ایشن)
- ☆ چندرکانت پاٹل
- ☆ گیانیشور سوناونے،
- ☆ ونو داہیرے
- ☆ ڈاکٹر گنیش پاٹل
- ☆ چیمئے روکڑے
- ☆ کیلاش گائیکواڑ
- ☆ پین مہاجن
- ☆ کشور پاٹل
- ☆ دیویندر پاٹل
- ☆ سندیپ پاٹل
- ☆ پروفیسر شریمتی جنگلے
- ☆ ایڈوکیٹ پروین جنگلے
- ☆ دیپک جوشی
- ☆ سنجئے پاٹل

# ریاست کے مختلف مقامات پر عید ملن و دیگر موقعوں پر مراٹھی زبان میں تقسیم قرآن مجید















## موبائل بک وین :







ان تین مہینوں میں موبائیل بک وین نے ریاست کے 70 مقامات کا دورہ کیا۔اس دوران -/1,17,348 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔

## شعبہ دعوت کے تحت کی گئی دیگر سرگرمیاں :

- 34 افطار پارٹیز کے ذریعے سے 3,100 افراد تک اسلام کی دعوت دی گئی۔















ریاست کے 34 مقامات پر برادرانِ وطن کیلئے افطار پارٹیز کا انعقاد

❖ شعبۂ دعوت کے ارکان نیز مراٹھی مقررین نے 62 مقامات پر عید ملن پروگرام میں خطاب کیا۔ 18,000 وطنی بھائیوں اور 300 وطنی بہنوں کے سامنے دعوت پیش کی گئی۔




































Hotel DeepSandhya
कुरआन परिचय व ईद मिलन कार्यक्रम







- جناب سید رفیق صاحب نے پونا اور شولا پور یونیورسٹی میں خطاب کیا۔ 2,000 طلباء و لکچررز نے استفادہ کیا۔ نیز 08 مقامات پر اسلام کے موضوع پر پروچن ہوئے۔ 5,000 افراد تک دعوت پہنچائی گئی۔
- جناب ڈاکٹر سید رفیق صاحب اور جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب نے 6 خطبات نکاح دیئے شرکاء کی مجموعی تعداد تقریباً 3,500 تا 4,000 تھی۔
- جناب نوشاد عثمان صاحب (فارغ دعاۃ) نے we marathi واٹس اپ گروپ پر مراٹھی زبان سیکھنے کی کلاسز لی۔ 100 سے زائد افراد نے استفادہ کیا۔ مختلف ایشوز پر 9 TV مراٹھی چینل پر talkshow بحث و مباحثہ، تقاریر، غلط فہمیوں کا ازالہ وغیرہ پروگرام ہوئے۔ شودھن میں مضامین لکھے گئے۔ دعوتی ورکشاپ میں جماعتی رفقاء، SIO و GIO کے طلباء و طالبات کی رہنمائی کی گئی۔ ہزاروں افراد تک اسلام کا تعارف کروایا گیا۔ ''متدار'' مراٹھی روزنامے میں مضامین شائع ہوئے۔





برادرانِ وطن کے گھر اور دفاتر پہنچ کر 239 برادرانِ وطن سے ملاقاتیں




- جناب محمد سمیع صاحب نے S.P اور Dy.S.P، بار اسوسی ایشن کے سابق صدر، ڈاکٹرز، وکلاء اور کالج لکچررز سے ملاقات کی اور اسلامی لٹریچر دیا۔ پرجا پتا برمہا کماری کے آشرم میں جا کر ملاقات کر کے قرآن و اسلامی لٹریچر دیا گیا۔ موبائل فون پر وطنی بھائیوں کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ اسی طرح دیونی اور ممبئی کے کئی مقامات پر پولس کے ذمہ داران سے گفتگو کی گئی۔ مراٹھی ترجمہ قرآن اور لٹریچر دیا گیا۔

# اسلامی معاشرہ

مسلمان دین اسلام کے سچے پیرو بن کر ہی سچے داعی بن سکتے ہیں

## وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:






برادرانِ اسلام کیساتھ اسلامی معاشرہ کے ضمن میں اجتماعی افطار

## مجلس العلماء تحریک اسلامی مہاراشٹر:

الحمدللہ ریاستی سطح پر قیام گزشتہ میقات میں ہی ہو چکا ہے۔ اب مختلف اہم شہروں میں قیام پیش نظر ہے۔ اس سلسلے میں ایک اجلاس 18 ر اکتوبر 2015 کو دفتر مجلس، اورنگ آباد میں منعقد ہوا اور تفصیلی غور وخوص کے بعد ریاست کے 16 ر اہم شہروں میں First Phase میں قیام سے متعلق مائیکرو پلان تیار کیا گیا۔ اندرون تین ماہ میں اسے قطعی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔




ریاست کے مختلف مقامات پر عازمین حج کیلئے تربیتی کیمپ

## اہم شخصیات سے ملاقاتیں:

- جناب سراج احمد قاسمی صاحب، ناگپور
- جناب مفتی نور اللہ صاحب، ناگپور
- جناب الحاج عبدالوہاب پاریکھ صاحب، ناگپور
- جناب مولانا محمد مصطفیٰ صاحب، ناگپور
- جناب مولانا عبدالحسیب رضوی صاحب، ناگپور اور دیگر مزید تقریباً 7 علماء ومعززین کرام
- جناب محی الدین ہاشمی صاحب، ممبئی (چیئرمین AIS اکیڈمی حج کمیٹی)

مرکز کے مطالبہ پر نظماء ضلع سے مسلسل 15 دن Persuation کے بعد 500 سے زائد علماءِ کرام ودانشوران کی فہرست حاصل کی گئی۔

الحمدللہ 50 موضوعاتی دروس قرآنی کا مواد مولانا عبدالقوی فلاحی صاحب کی کاوشوں سے فراہم کیا جا چکا ہے۔



















طاق راتوں میں ریاست کے سیکڑوں مقامات پر اجتماعی مطالعہ قرآن کی نشستیں

# اُمت کا تحفظ اور ترقی

## ملت کے تحفظ و ترقی کے لیے کی گئی سرگرمیاں:









اورنگ آباد مسلم پرسنل لا بورڈ کے جلسہ ''دیش بچاؤ دستور بچاؤ'' سے خطاب کرتے ہوئے مولانا الیاس فلاحی صاحب





عیدالاضحیٰ کے موقع پر چھوٹے جانوروں کے ذبیحہ سے متعلق ملت کی رہنمائی



ملی امور کے مختلف ایشوز پر انتظامیہ سے نمائندگی

## تعلیم :

- ایجوکیشنل کریئر گائیڈینس سینٹر کے تحت:- GIO کے ممبرس کی مدد سے تقریباً 3000 طلباء وطالبات کی کریئر کے سلسلے میں رہنمائی کی گئی۔
- شعبہ تعلیم حلقہ مہاراشٹر برائے میقات 19-2015 کی مائیکرو پلاننگ کی میٹنگ 9/اگست 2015 کو اورنگ آباد میں منعقد کی گئی۔
- D.T.E کی جانب سے منعقد کردہ Minority Scholarship Schemes Oriantation Camp میں سکریٹری شعبہ نے شرکت کی۔
- N.M.T.S.E پلاننگ 16-2015 کی میٹنگ میں سکریٹری شعبہ تعلیم نے شرکت ورہنمائی کی۔


## اوقاف سیل :

- 30/اگست 2015 کو شعبہ کے دفتر اورنگ آباد میں شعبہ کی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کے لئے میٹنگ منعقد کی گئی۔
- ممبئی چیریٹی کمیشنر کو وقف املاک وسالانہ آمدنی 10/کروڑ کے متعلق اقدامات کے لئے خط ارسال کیا گیا۔
- وقف ٹریبونل کے ریٹائرڈ جج سے شعبہ کے ممبران نے ملاقات کی۔
- مستقل CEO کے تقرر کے لئے حکومت سے نمائندگی کی گئی۔
- CEO کے تقرر و Waqf Act 2013 میں ترمیمات کے سلسلے میں سابق کلکٹر سے ملاقات کی گئی۔
- کنٹرو وقف معاملے میں ضلع وقف آفسر اورنگ آباد سے ملاقات کی گئی۔
- جامنیر اور بالا پور مقامات پر مسجد و کمیٹی رجسٹریشن کے فارم ارسال کئے گئے۔
- وقف املاک پر ناجائز قبضہ جات سے متعلق وقف CEO محترمہ نسیم بیگم صاحبہ اور DCP جناب وسنت پردیسی صاحب سے ملاقات کی گئی اور اوقاف کے مسائل پر توجہ دلائی گئی۔
- وقف اراضی پر ناجائز قبضہ کے سلسلے میں CEO کو خطوط لکھے گئے۔
- جالنہ، جندل کامپلیکس کی 5/ایکڑ زمین کا مقدمہ وقف نے ہارنے کی صورت میں متعلقہ مقدمہ کی نقل حاصل کر کے وکیل صاحب کو Study کے لئے دی گئی۔
- جالنہ کی 330/بیگھا وقف کی زمین جو SRP کے قبضہ میں ہے سے متعلق مقدمہ کی معلومات وقف بورڈ سے حاصل کی گئی۔
- وقف بورڈ کے معاملات میں کچھ ائمہ ومتولی حضرات کی رہنمائی کی گئی۔

# ملکی وعالمی اُمور

ملکی و عالمی مسائل کی یکسوئی میں اُمت کی شرکت جماعت کا اہم محاذ

قیام عدل، استعمار کا مقابلہ اور کرپشن کے ازالے کے سلسلے میں اسلامی تعلیمات کے حوالے سے شعبہ ملکی و عالمی مسائل کے تحت درج ذیل سرگرمیاں انجام دی گئیں:









شخصی ومذہبی آزادی کے تحفظ پر سمپوزیم کا انعقاد

## دیگر سرگرمیاں:

- ہارون موزہ والا اور ممبئی امن کمیٹی کے مجوزہ ملی پروگرام ''حالات حاضرہ میں مسلمان کیا کریں'، پر تحریری اظہار خیال بھیجا گیا۔
- نشہ بندی منڈل کی میٹنگ میں شرکت کی گئی۔
- القلم ٹرسٹ کے تحت IPS، IAS کوچنگ کے متعلق پرنسپل محی الدین ہاشمی صاحب سے ملاقات وگفتگو کی گئی۔
- اوقاف سیل کے لیے بعض اہم دستاویز اوقاف سیل مہاراشٹر کو بھیجے گئے۔
- الائنس فور چینج (شیوراجیہ پکش، سدھیر ساونت) کے عید ملن میں شرکت کی گئی۔












ریاست کے مختلف مقامات پر تہذیبی جارحیت اور فسطائی تشدد کے خلاف عوامی مظاہرے اور نمائندگی

# خدمت خلق

## غریبوں، ضرورت مندوں اور محتاجوں کی دادرسی اور خدمت جماعت کا امتیازی وصف

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:



## میڈیکل گائیڈنس سینٹر:

- شعبہ کے تحت قائم میڈیکل گائیڈنس سینٹرس سے اس سہ ماہ میں 600 مریضوں کی رہنمائی کی گئی۔
- 25 مریضوں کے بائی پاس سرجری، کینسر، کڈنی ٹرانسپلانٹ و دیگر مہلک امراض کے لیے -/21,52,000 روپے حکومتی اسکیمات و دیگر اداروں سے فراہم کر کے مکمل علاج کروایا گیا۔
- متعدد ہاسپٹلس میں 500 مریضوں کی عیادت کی گئی۔
- دفتر حلقہ سے میڈیکل گائیڈنس سینٹر کے ذریعہ مریضوں کو بطور فوری طبی امداد -/94,013 روپے دیئے گئے۔
- ڈاکٹرس سے ملاقاتیں کی گئیں۔
- دوران علاج 3 مریضوں کا انتقال ہونے پر تدفین اور مقام کو روانگی کا انتظام کیا گیا۔








ناگپور میں سیلاب زدگان کی امداد و طبی کیمپ

- دفتر شعبہ سے 27 طلباء و طالبات کو مائناریٹی اسکالرشپس، پری میٹرک پوسٹ میٹرک کی رہنمائی و معلومات فراہم کی گئی اور اسکول و کالج فیس و دیگر اخراجات کے لئے بطور تعلیمی امداد -/93,320 روپے دیے گئے۔



جالنہ میں روزگار فراہمی کے پروگرام کے تحت کمپریشر مشین کا عطیہ



لاتور میں مستحق اور ضرورت مند کے علاج کیلئے مالی تعاون

## مائیکرو فائنانس (بلاسودی سوسائٹیز):

- درج ذیل اضلاع میں سوسائٹیز کے رجسٹریشن کی کوششیں جاری ہیں۔
  - الخیر اربن کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی، پمپری چنچوڑ، پونہ۔
  - امداد اربن کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی، ممبئی میٹرو۔
  - راحت ناگری سہکاری پت سنستھا، پربھنی۔
- حلقہ میں بلاسودی سوسائٹیز 14 رمقامات پر قائم ہیں جس میں 3 ررجسٹرڈ ہیں۔
  - راحت ناگری سہکاری پت سنستھا، عثمان آباد۔
  - الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا، اورنگ آباد۔
  - یونٹی اربن کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائیٹی، لاتور۔



لاتور میں کریڈٹ سوسائٹی کے ذریعہ قرض کا اجراء

## مکانات کی تعمیر و درستی:

مکانات کی تعمیر و درستی سے متعلق اسکیمات کی تفصیلات دورے کے موقعوں سے دی جارہی ہیں۔ مقامی جماعتیں مستحق افراد کو مکانات کی تعمیر و درستی کیلئے امداد کررہی ہیں۔



بلارپور میں مستحقین میں امداد کی تقسیم



پوسد میں ضرورت مند کیلئے گھر کی تعمیر

## چیریٹیبل ڈسپنسریز :

مہاراشٹر میں 13 رمقامات پر چیریٹیبل کلینکس قائم ہیں۔ دیگر مقامات پر قیام کے سلسلے میں کوششیں جارہی ہیں۔

- شاہین پالی کلینک، خسرو نگر ناندیڑ۔
- شاہین پالی کلینک، چوپالہ ناندیڑ۔
- خدمت دواخانہ، جالنہ۔
- اَلشفاء چیریٹیبل کلینک، ناگپور مغرب۔
- ہومیو پیتھک ڈسپنسری، کرلا۔
- الشفاء کلینک، پربھنی
- فلاح عام چیریٹیبل کلینک، اکولہ۔
- شاہین پالی کلینک، نئی آبادی ناندیڑ۔
- شاہین پالی کلینک، فاروق نگر ناندیڑ۔
- نورشاہ خدمت دواخانہ، جالنہ۔
- چیریٹیبل ڈسپنسری، سانتا کروز۔
- چیریٹیبل کلینک، ناسک۔
- خدمت کلینک، اورنگ آباد۔

## ڈائیگنوسٹک سینٹرس:

- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر،کلیان
- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر،بھیونڈی

## ریلیف ورک :

- کارنجہ(ضلع واشم) میں کورٹ میریج پر تنازعہ شروع ہوا۔ 26/رمضان المبارک کوشر پسند عناصر نے فساد پھیلانے کے لئے مسلم نوجوان کو اکسایا، دونوں گروہ کے نوجوانوں میں ہاتھاپائی ہوئی اور اس موقع پر ایک مسلم نوجوان فوت ہوگیا۔
ہلاک ہونے والے نوجوان کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ چند شر پسند عناصر یہ چاہتے تھے کہ شہر میں فساد رونما ہو اور اقلیت کو نقصان پہنچایا جائے، اس لیے انہوں نے یہاں سے ابتداء کی۔ مسلم نوجوان کی ہلاکت کے بعد بھی شہر کے مسلمانوں نے صبر و تحمل سے کام لیا۔ اور انتظامیہ نے بھی فوراً فساد کو روکنے کی کوشش کی اور شہر کے مسلمانوں نے احتجاجاً ہلاک شہید نوجوان کی لاش کو پولس اسٹیشن میں رکھا اور مطالبہ کیا کہ مجرموں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے۔ انتظامیہ نے اُسی شب میں 5/افراد کو گرفتار کیا، عینی شاہدین نے 7/افراد کے نام ظاہر کیے۔ جس میں سے 5/مجرمین کو دفعہ 302 کے تحت سزا سنائی اور بقیہ 2/مجرم فرار ہیں۔

- 21/جولائی 2015 کو ہلاک شدہ نوجوان شجیع الدین اسلام الدین (عمر 32 سال) کے والدین اور پسماندگان سے سکریٹری خدمت خلق اور ناظم ضلع واشم نے ملاقات کیں اور انہیں تیقن دلایا کہ انتظامیہ پر اس بات کے لیے دباؤ بنائیں گے کہ آپ کو اس کا 20/لاکھ روپے معاوضہ ملے نیز سکریٹری خدمت خلق نے شہر کے ائمہ اور سیاسی حضرات اور عمائدین سے ملاقات کر کے اس مسئلہ پر تبادلۂ خیال کیا۔ ہلاک شدہ نوجوان کے لواحقین کے ساتھ ڈسٹرکٹ کلیکٹر سے ملاقات کی، معاوضہ کا مطالبہ اور شہر میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے حفاظتی انتظامات میں بہتری لانے کی بات کی۔ الحمدللہ شہر کے حالات قابو میں ہو گئے اور شہر کے مسلمان بھی خوف و ہراس کی کیفیت سے باہر آئے۔

- راویر (ضلع جل گاؤں) میں سڑک حادثہ میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد ہلاک ہو گئے، ناظم ضلع نے ایک وفد کے ساتھ انکے وارثین سے ملاقات کی اور -/32,000 روپیے کا مالی تعاون کیا گیا۔





ریاست کے 7000 افراد تک رمضان راشن کٹ کی تقسیم

# ریاست کے 7000 افراد تک رمضان راشن کٹ کی تقسیم














# تزکیہ وتربیت

وابستگان جماعت کی زندگیوں کا تزکیہ جماعت کی ترجیح

## مقامی جماعتوں اور ضلعی سطحوں پر کی گئی سرگرمیاں :








وابستگان کی دینی، عملی اور فکری تربیت کیلئے مختلف ذرائع کا استعمال





# تنظیم


داخلی نظم اور تنظیم اصلاً اجتماعیت کا تزکیہ ہے


## موجودہ افرادی و تنظیمی قوت :


### افرادی قوت:


| نمبر شمار | نوعیت | ارکان | کارکنان |
|---|---|---|---|
| 1 | مرد | 1061 | 8017 |
| 2 | خواتین | 228 | 3372 |
| | جملہ | 1289 | 11389 |

• تنظیمی پوزیشن:



## اجلاس شوریٰ :

دورانِ مدت حلقہ مہاراشٹر کی مجلس شوریٰ کا چار روزہ اجلاس مورخہ 2/3/4/5/جولائی 2015 کو ناندیڑ میں منعقد کیا گیا۔ اس اجلاس میں مرکزی پالیسی و پروگرام کی تفہیم بذریعہ پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے بعد اس کی روشنی میں حلقہ مہاراشٹر کا میقاتی منصوبہ تشکیل دیا گیا۔ اس کے علاوہ ذمہ داران حلقہ اور شعبہ جات کے سکریٹریز کا تعین، نظماء ضلع و علاقہ کے تقررات اور حلقہ کا سالانہ بجٹ کا تعین جیسے اہم امور انجام دیے گئے۔ اس اجلاس میں تمام ہی ارکان شوریٰ شریک تھے۔ مذکورہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور میقاتی منصوبے کی توثیق محترم امیر جماعت نے فرمادی ہے۔

## شعبہ جات کی مائیکرو پلاننگ :

میقات رواں میں حلقہ مہاراشٹر کی سطح پر میقاتی منصوبے کو روبہ عمل لانے کے لیے 25 عدد شعبہ جات قائم کیے گئے ہیں۔ ان میں سے 10 عدد شعبہ جات میں حلقہ کے میقاتی منصوبے کے تحت اپنی مائیکرو پلاننگ کی ہے۔ ان کی توثیق بھی دفتر حلقہ کی جانب سے کردی گئی۔

## تفہیمی اجتماعات کا اہتمام :

میقاتِ رواں کی مرکزی پالیسی و پروگرام اور اس کی روشنی میں تشکیل شدہ حلقہ مہاراشٹر کے میقاتی منصوبے سے تمام ارکان و کارکنان کو واقف اور تفہیم کروانے کی غرض سے حلقہ مہاراشٹر میں علاقائی سطح پر 5 مقامات پر مختلف تواریخ میں دو دو روزہ تفہیمی اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔ ان اجتماعات میں مرکزی پالیسی و پروگرام کا تفہیمی پریزنٹیشن اور امیر جماعت کے خطاب کو پاور پوائنٹ کے ذریعے پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ حلقہ کے مختلف شعبہ جات کے 19 سکریٹری حضرات نے اپنے منصوبے و مائیکرو پلاننگ کی تفہیم کی۔ ان تفہیمی اجتماعات کے موقع پر سوالات و جوابات، اوپن سیشن، مقامی منصوبہ بندی کا خاکہ اور اُس کا طریقہ، سالانہ بجٹ کی تشکیل کا طریقہ، رپورٹنگ کا نظام، نظماء و ناظمات ضلع کی حیثیت و ذمہ داریاں، حلقہ کے حالات کے پیش نظر قابل توجہ امور، تجدید شہادت اور ادبی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ ان تمام اجتماعات میں امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ، جوائنٹ سکریٹریز، ارکان شوریٰ اور تمام سکریٹری شعبہ جات کے علاوہ SIO، GIO اور یوتھ ونگ کے وابستگان نے بھی شرکت کی۔ ان اجتماعات میں 2,485 عدد مرد، 1,011 عدد خواتین اس طرح بحیثیت مجموعی 3,496 عدد وابستگان جماعت نے شرکت کی۔ ان اجتماعات سے متعلق ایک جدول ذیل میں درج کیا جارہا ہے:

| نمبر شمار | | مقامِ اجتماع | شامل اضلاع | شریک مرد | شریک خواتین | جملہ شرکاء |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 16/17/اگست 2015 | ناگپور | (1) ناگپور (2) وردھا (3) چندرپور (4) بھنڈارہ (5) گوندیا (6) گڑھ چرولی | 143 | 92 | 235 |
| 2 | 22/23/اگست 2015 | ممبرا | (1) ممبئی میٹرو (2) تھانہ (3) پال گھر (4) رائیگڑھ (5) رتناگیری (6) سندھودرگ (7) پونہ (8) ساتارا (9) کولہاپور (10) سانگلی (11) شولاپور | 406 | 57 | 463 |
| 3 | 29/30/اگست 2015 | اورنگ آباد | (1) اورنگ آباد (2) جالنہ (3) بیڑ (4) احمد نگر (5) ناسک (6) دھولیہ (7) نندوربار | 582 | 411 | 993 |
| 4 | 5/6/ستمبر 2015 | مرتضٰی پور | (1) آکولہ (2) واشم (3) بلڈانہ (4) امراوتی (5) ایوت محل (6) جل گاؤں | 800 | 340 | 1140 |
| 5 | 12/13/ستمبر 2015 | ناندیڑ | (1) ناندیڑ (2) پربھنی (3) ہنگولی (4) لاتور (5) عثمان آباد | 554 | 111 | 665 |
| | | | کل میزان | **2485** | **1011** | **3496** |

## پالیسی و پروگرام کی تفہیم کیلئے ریاست کے 5 مقامات پر وابستگان کیلئے تفہیمی کیمپ




















## مقامی و ضلعی ذمہ داران کے تقررات :

دورانِ مدت 22 عدد ضلعی ناظمات، 111 مقامی ناظمات اور 97 نظماء حلقہ کارکنان کے تقررات عمل میں لائے گئے۔ تقررات کی اطلاع بذریعہ مراسلہ وسرکلر پوری ریاست میں دی گئی۔ متعلقہ ذمہ داران نے چارج حاصل کر کے اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کا آغاز کر دیا ہے۔






مالونی ممبئی میں اسلامک سینٹر کا افتتاح



نائب امیر جماعت سید سعادت اللہ حسینی صاحب کی پونہ میں وابستگان جماعت کے ساتھ نشست

## مرکزی نشستوں و اجتماعات میں نمائندگی :

مرکزی شعبہ جات کی جانب سے مرکز جماعت دہلی میں منعقد کیے جانے والی نشستوں واجتماعات میں حلقہ مہاراشٹر سے درج ذیل کے مطابق شرکت ونمائندگی کی گئی:

- مرکزی شعبہ دعوت کے تحت 1/2/3/اگست 2015 اور 5/6/7/ستمبر 2015 کو مرکز جماعت دہلی میں منعقدہ نشستوں میں بالترتیب محترم امیر حلقہ، سکریٹری شعبہ دعوت، ارکان دعوت کی شرکت۔
- APCR کے تحت 29/اگست 2015 کو مرکز جماعت میں منعقدہ نشست میں جناب محمد اسلم غازی صاحب کی شرکت۔
- ادارہ ادب اسلامی ہند کے تحت 6/ستمبر 2015 کو مرکز جماعت میں منعقدہ نشست میں جناب محمد اسلم غازی صاحب کی شرکت۔
- مرکزی شعبہ تزکیہ وتربیت کے تحت 18 تا 20/ستمبر 2015 کو مرکز جماعت میں منعقدہ نشست میں جناب ظفر انصاری صاحب کی شرکت۔

## ذمہ داران حلقہ کے خصوصی دورے اور میٹنگوں میں شرکت :

- شعبہ ادارہ جات کی نشست منعقدہ 10/اگست 2015 بمقام اورنگ آباد میں امیر حلقہ کی شرکت۔



- ریلیف کیمپ ناگپور منعقدہ 15/اگست 2015 بمقام ناگپور میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- GIO کے ریاستی پروگرام GALA منعقدہ 31/اگست 2015 بمقام ناندیڑ میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- مقامی جماعت کے اسلامی سینٹر کی افتتاحی تقریب منعقدہ 20 ستمبر 2015 بمقام مالونی (ممبئی) میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- SIO اسکول (نارتھ مہاراشٹر) منعقدہ 21/ستمبر 2015 بمقام ناگپور میں امیر حلقہ کی شرکت۔

### نظماء ضلع و علاقہ کا اجتماع :



مورخہ 8/9/اگست 2015 کو اورنگ آباد میں حلقہ مہاراشٹر کے نظماء ضلع وعلاقہ کا دو روزہ خصوصی اجتماع منعقد کیا گیا۔ اس اجتماع میں ضلعوں کا تفصیل سے جائزہ اور اس کی روشنی میں حلقہ کے میقاتی منصوبے کے پیش نظر 35/اضلاع میں جماعت کے قیام، توسیع اور استحکام کے سلسلے میں منصوبہ بندی کی گئی۔ اسی کے ساتھ تمام ضلعوں کا یکسالہ بجٹ بھی تشکیل دیا گیا۔ ضلعی منصوبوں اور اُن کے سالانہ بجٹ کی توثیق دفتر حلقہ کی جانب سے کردی گئی۔ اس اجتماع میں 23 عدد نظماء ضلع وعلاقہ کے علاوہ امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ، جوائنٹ سکریٹریز اور 2/ارکان شوریٰ نے شرکت کی۔





نظمائے ضلع وعلاقہ کی تنظیمی نشست ومنصوبہ بندی

### حلقہ کا انٹرنل آڈٹ :

جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کے بیت المال کا جائزہ اور سالانہ بجٹ کی روشنی میں آڈٹ کے سلسلے میں مرکزی آڈیٹر محترم ڈاکٹر وقار انور صاحب نے حلقہ مہاراشٹر کا دورہ کیا۔ موصوف نے مورخہ 12/13/اگست 2015 کو دفتر حلقہ مہاراشٹر میں ریاستی متعلقہ ذمہ داران کے ساتھ آڈٹ کرکے رہنمائی کی۔

### مقامی جماعتوں کا آڈٹ :

دورانِ مدت حلقہ کے آڈیٹر جناب غلام رفیق احمد صاحب نے 52/یوم، جناب محمد یونس صاحب نے 22/یوم اور جناب ابرار محسن صاحب نے 2/یوم اس طرح بحیثیت مجموعی تینوں آڈیٹرس نے 76/یوم فارغ کرکے 22/مقامی جماعتوں کے بیت المالوں کا جائزہ اور آڈٹ کا کام انجام دیا۔

### دفتر حلقہ میں ہفتہ واری اجتماعات:

- ہر ہفتہ بروز منگل شام 05:00 تا 06:00 وابستگان دفتر حلقہ، IMPT اور شودھن ٹرسٹ کے اسٹاف پر مشتمل ہفتہ واری اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔
- دوران مدت یعنی ان تین ماہ میں دفتر حلقہ سے 554 عدد مراسلات اور 05 سرکلرس کا اجراء عمل میں آیا۔

### ذمہ داران حلقہ کی مصروفیات اور یوم فراغت:


- درج ذیل جدول کے مطابق دورانِ مدت محترم امیر حلقہ، سکریٹری حلقہ اور جوائنٹ سکریٹریز نے وقت فارغ کیا:

| نمبر شمار | ذمہ داران | دفتر حلقہ کیلئے | دورے اجلاس وغیرہ کیلئے | جملہ فارغ ایام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | توفیق اسلم خان صاحب (امیر حلقہ) | 14 | 28 | 42 |
| 2 | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 43 | 19 | 62 |
| 3 | زبیر احمد خان صاحب (جوائنٹ سکریٹری) | 6 | 18 | 24 |
| 4 | مرزا عقیل بیگ صاحب (جوائنٹ سکریٹری) | 7 | 11 | 18 |

# شعبۂ خواتین

اصلاح معاشرہ اور دین کی اشاعت وتبلیغ میں خواتین برابر کی حصہ دار و شریک ہیں

## دعوت کے تحت سرگرمیاں:








مہاراشٹر میں حلقہ خواتین کی دعوتی سرگرمیاں


















**ملت کا تحفظ اور ترقی کے تحت سرگرمیاں:**

- 10 بہنوں کو روزگار سے لگوایا گیا
- عمرکھیڑ میں ایک سالہ عالمیت کورس شروع کیا گیا
- 4/اسکولس میں لیکچرس (شرکاء طالبات 4000)
- 6 بہنوں کی رشتہ ونسبت کے تحت کوشش کی گئی۔

**ملکی و عالمی اُمور کے تحت سرگرمیاں:**

- امبہ جوگائی میں جیجاؤ بریگیڈ کی ذمہ دار خواتین کے ساتھ نشست
- یوم القدس کے پروگرام 20 (شرکاء 885)

## اسلامی معاشرہ کے تحت سرگرمیاں:

- ملاقاتیں: انفرادی واجتماعی .......................... 34105
- رمضان کے تحت دروس قرآن وحدیث کے پروگرام....... 230 (شرکاء 7900)
- ماہِ رمضان میں سماعت قرآن وترجمہ قرآن کے پروگرام 230 مقامات پر (شرکاء 5675)
- یومِ بدر کے پروگرام .............................................. 50 (شرکاء 4500)
- ملی بہنوں کے لیےافطار پارٹی .............................. 75 (شرکاء 3500)
- اجتماعی طاق راتوں کا پروگرام .......................... 65 مقامات پر (شرکاء ہر طاق رات میں تقریباً کم وبیش 2500)
- باجماعت تراویح کا نظم .......................................... 50 مقام پر (شرکاء روزآنہ تقریباً کم وبیش 2400)
- زکوٰۃ وصولی میں مقامی جماعت کا تعاون ................... 65 مقام پر حلقہ نے کیا
- ملی بہنوں میں تقسیم قرآن: ............30 ، کتب ........... 200 فولڈرس : ............ 2000 تقسیم کیے گئے
- مختلف عنوانات کے تحت خطابات عام: پرلی، بیڑ، مالیگاؤں، امبہ جوگائی، پھول ساؤنگی، پونہ، کلیان (شرکاء 1040)
- عیدالاضحیٰ کے تحت پروگرام ....................... 30 مقام پر (شرکاء 550)
- عازمین حج کے لیے تربیتی پروگرام: ناگپور، کلیان، عمرکھیڑ، پوسد، بسمت، پونہ، ممبئی (شرکا حجاج 215)
- 30 گھریلو تنازعات کو حل کیا گیا
- اخبارات میں 25 مضامین شائع کیے گئے۔




خواتین عازمین حج کے لئے خصوصی تربیتی کیمپ













اسلامی معاشرہ کے تحت حلقہ خواتین کے خطابات عام

## خدمت خلق کے تحت سرگرمیاں:

- ❖ میڈیکل کیمپ ناگپور مغرب میں منعقد کیا گیا
- ❖ رنجنی میں وبائی امراض کی احتیاطی تدابیر اس موضوع کے تحت طبی لیکچر لیا گیا (شرکاء 60)
- ❖ یتیموں، معذوروں وضرورتمندوں کی امداد ......... **3500/-**
  (ناگپور مشرق -/2500، پونہ -/1000)
- ❖ غریب بچیوں کی شادی میں امداد -/2000 (ناگپور مشرق)
- ❖ تعلیمی امداد ............................................ **11500/-**
  (ناگپور مشرق -/1500، پونہ -/10000)
- ❖ بیواؤں کو وظیفہ ......................... **18800/-**
  (ناگپور مغرب -/1500، مالیگاؤں -/3800، لاتور -/1500، اورنگ آباد -/12000)
- ❖ امداد یتیمی ................................ **17000/-** (ناگپور مغرب)
- ❖ قرض حسنہ ............................. **12500/-**
  (ناگپور مغرب -/12000، مالیگاؤں -/500)
- ❖ بسمت اور اورنگ آباد میں ہاسپٹل کے دورے کیے گئے
- ❖ مریضوں کی عیادت و مریضوں کو فروٹس و کھانا تقسیم کیا گیا
- ❖ طبی امداد: عمرکھیڑ میں -/500 روپے اور اورنگ آباد میں 35 افراد کو

## تزکیہ و تربیت کے تحت سرگرمیاں:




## تنظیم کے تحت سرگرمیاں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ❖ ارکان ..................... 228 | ❖ کارکنان .............. 3372 | ❖ متفقین ........... 12885 | ❖ مقامی نظم .......... 131 |
| ❖ حلقہ ہائے کارکنان ..... 158 | ❖ ضلعی ناظمات .......... 25 | ❖ معاون ...................... 1 | |




علاقائی تفہیمی کیمپ میں خواتین کی شرکت



ریاستی سیکریٹری حلقہ خواتین کی اورنگ آباد میں نشست

- ❖ علاقہ وار تفہیمی کیمپ میں خواتین کی شرکت رہیں۔
- ❖ تمام مستحکم مقامات پر میقاتی پالیسی و پروگرام کی تفہیم ومنصوبہ بندی کی گئی۔
- ❖ خواتین کیڈر کے لیے ملاڈ میں میڈیا کیمپ لیا گیا۔
- ❖ 4 مقامات پر خواتین کی لائبریری کے لیے حلقہ کی طرف سے کتابیں فراہم کی گئیں۔
- ❖ خواتین کے ہفتہ واری اجتماعات 535 مقامات پر ہو رہے ہیں۔
- ❖ شعبہ خواتین کمیٹی ممبران کی نشست 9/ اگست 2015 کو بمقام اورنگ آباد میں لی گئی جس میں شعبہ کی مائیکرو پلاننگ پالیسی و پروگرام کی روشنی میں کی گئی۔



# یوتھ ونگ

مسلم نوجوانوں کی زندگیوں کو بامقصد اور تعمیری بنانے کا ہدف

## دعوت:

- اورنگ آباد میں انفرادی واجتماعی ملاقاتوں کے ذریعہ اسلام کے پیغام کو پہنچانے کی کوشش کی گئی۔تقریباً 150 /افراد تک اپنا پیغام پہنچایا گیا جبکہ دعوتی نشست میں تقریباً 70 /افراد شریک رہے۔

## اسلامی معاشرہ:

- ناندیڑ میں مسلم نوجوانوں کے لئے عیدملن پروگرام کا انعقاد کیا۔جسمیں تقریباً 70 سے زائد نوجوانوں نے شرکت کی۔شرکاء کے لئے شیرخورمہ اور کھانے کا اہتمام کیا گیا۔اور یوتھ ونگ کا تعارف پیش کیا گیا۔
- ماہ ذی الحجہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سیرت پر ایک عوامی لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس میں بڑی تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

## خدمت خلق:

- ناندیڑ کی ایک منتخبہ بستی میں صفائی مہم کا انعقاد کیا گیا۔جس میں گلیوں کے مسائل اور گندگی کے ازالے کی کوشش کی گئی۔اس مہم میں بستی کے افراد کو بھی شریک کیا گیا۔اس صفائی مہم کو مقامی اخبارات وسٹی نیوز چینلس نے بھی نشر کیا۔
- ناندیڑ کے سیول ہاسپٹل میں آنے والے مریضوں کے مختلف مسائل معلوم کیے گئے اور اسے حل کرانے کی کوشش کی منصوبہ بندی کی گئی۔ساتھ ہی مریضوں کی عیادت اور میوہ جات تقسیم کیے گئے۔
- ممبرا میں How to face interview کے عنوان پر ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔انٹرویو کے اصول وضوابط اور اسکی تکنیکی معلومات دی گئی۔اس ورکشاپ میں 35 /نوجوانوں نے شرکت کی اور اطمینان کا اظہار کیا۔
- پیٹھن میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔
- پیٹھن میں مختلف بلدیاتی مسائل کے فوری حل کے سلسلے میں دیگر عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر پالک منتری کو میمورنڈم دیا گیا۔
- پیٹھن میں ووٹر لسٹ میں ناموں کے اندراج کے لیے ''متدان نوندنی کیمپ'' کا انعقاد کیا گیا۔
- فیض پور میں مقامی بلدیاتی مسائل مثلاً راستوں کی مرمت، پانی کی قلت اور بجلی کے مسائل کے حل کی خاطر بلدیہ کے ذمہ داران سے ملاقاتیں کی گئی اور انھیں میمورنڈم دیا گیا۔ان کاموں میں عوام الناس کو بھی ساتھ لیا گیا۔












یومِ بدر کے موقع پر اورنگ آباد میں یوتھ ونگ کا جلسہ عام

## تربیت و تنظیم:

- اورنگ آباد میں یوتھ ونگ سے وابستہ افراد کے لیے ہفتہ واری اجتماعات، اسٹڈی سرکلس کے ذریعے نئے افراد کو وابستہ کرنے کی کوشش جاری ہے۔
- آکولہ کے مختلف محلوں میں یوتھ ونگ کی شاخوں کے قیام کی کوشش کی گئی۔
- ممبرا یونٹ کی جانب سے ماہ اگست میں فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں 18 ٹیموں نے حصہ لیا۔ جبکہ ہر ٹیم میں تقریباً 10 نوجوان موجود تھے۔ ساتھ ہی بڑی تعداد میں دیگر نوجوان بھی موجود تھے۔ اسے یوتھ ونگ کے تعارف کے طور پر استعمال کیا گیا۔

ان تمام سرگرمیوں کے علاوہ ریاست کے مختلف مقامات پر یوتھ ونگ جماعت اسلامی ہند حلقہ مہاراشٹر کی جانب سے ہفتہ واری اجتماعات، ماہانہ تزکیہ کیمپس، نوجوانوں کی عمومی و خصوصی نشستیں، کارنر میٹس اور دیگر ذرائع سے اپنے پیغام کی وسیع ترسیل کی کوشش کی جا رہی ہیں

# رابطہ عامہ



- دورانِ مدت سکریٹری رابطہ عامہ عبدالحفیظ فاروقی صاحب نے 5 ملی شخصیات، 4 سماجی شخصیات، 5 مذہبی شخصیات، 3 سیاسی شخصیات، 3 مختلف NGOs کے ذمہ داران اور 4 مختلف ممالک کے قونصل خانے کے ذمہ داراس طرح بحیثیت مجموعی 24 ذمہ داران سے ملاقات کا اہتمام کیا۔
- مختلف NGOs اور تنظیموں کی 3 نشستوں وسرگرمیوں میں شرکت کی گئی اور مختلف مسالک کے علماء سے ربط قائم کیا گیا۔
- مدرسہ سے فارغ ہونے والوں کو حکومتی سروے میں ''آوٹ آف اسکول'' قرار دینے کے سلسلہ میں علماء ودانشوروں کی میٹنگ میں شرکت کی گئی۔
- 240 علماء کرام، دانشورانِ ملت کو عیدالفطر مبارکباد کے کارڈس بھیجے گئے۔ کارڈ پر جماعت کی دعوت کے چار اہم نکات کو اجاگر کیا گیا:
(i) نصب العین اقامت دین (ii) حقیقی محرک: رضائے الٰہی وفلاح آخرت (iii) اساسِ کارقرآن وسنت (iv) طریقہ کار پرامن اور اخلاقی حدود کا پابند۔
- سہ ماہی نشانِ راہ 15 / نئے افراد کو ارسال کیے گئے۔
- بوہرہ فرقہ کے اہم فرد عبدِعلی جو نظم وضبط امور کے نگراں ہیں کے سکریٹری جناب مصطفیٰ لوکھنڈوالا سے ملاقات کی گئی۔
- سنی وشیعہ اختلافات کو ختم کرنے کی کوشش کے لیے مولانا موسوی صاحب (لندن) اور مولانا احمد علی عابدی صاحب کی دعوت پر مختلف مسالک کے علماء ودانشوران کی غور وخوض کے لیے نشست میں شرکت کی گئی۔
- عیدالاضحیٰ کے موقع پر دیونار میں جانوروں کا ذبیحہ کا نظم میونسپل کارپوریشن کی طرف سے ہوتا ہے۔ وہاں بدنظمی دور کرنے اور انتظامات میں بہتری لانے کے لئے ملی وفد میں شرکت اور میونسپل کمشنر سے ملاقات کی گئی۔ صفائی ستھرائی، جانوروں کے لیے مناسب شیڈ، ٹریفک اور چوری کی طرف توجہ مبذول کرا کر مناسب اقدامات کا مطالبہ کیا گیا۔
- امریکن قونصلیٹ کے عیدملن پروگرام میں شرکت کی گئی۔
- حج کمیٹی آف انڈیا کی طرف سے عازمین حج کے اوپر مکہ میں قربانی کیلئے پیشگی رقم جمع کرانے کے حکم نامہ کو ضروری قرار دینا شریعت میں مداخلت ہے۔ اس موضوع پر علماء و دانشوروں کی طرف سے پریس کانفرنس میں شرکت کی گئی اور اس حکم نامہ کو شریعت میں مداخلت قرار دے کر اس حکم نامہ کو واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا۔
- مہاراشٹر مائناریٹی ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے ذمہ داروں سے ملاقات کی گئی۔
- آنند شیڈگے صاحب سے اوقاف کے تعلق سے ضروری مختصر معلومات حاصل کی گئیں۔
- آئیڈیل ہائی اسکول وجونیئر کالج کے امور میں ذمہ داریوں کو پورا کیا گیا۔
- جامعۃ المحسنات ممبرا کی سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کی گئی۔

# APCR

Association For Protection of Civil Rights

- اس سہ ماہی میں 65 یوم سرگرمیاں انجام دی گئیں۔
- اسپیشل پبلک پروسی کیوٹر ایڈووکیٹ روہنی سالیان کا بیان اخبارات میں شائع ہوا کہ مرکزی NIA (نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی) اور مرکزی اور ریاستی حکومتیں ان پر دباؤ ڈال رہی ہیں کہ 2008 کے مالیگاؤں بم بلاسٹ کے الزام میں گرفتار ہندوتوا وادی ملزموں کے ساتھ نرمی اختیار کی جائے (انہیں ضمانت وغیرہ ملنے میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے) اس بیان سے پورے ملک میں ایک ہنگامہ مچ گیا۔ اس موقع پر APCR کے قومی صدر ایڈووکیٹ یوسف مچھالہ صاحب کے مشورہ سے اور جماعت اسلامی ہند مالیگاؤں اور کل جماعتی تنظیم مالیگاؤں کے تعاون سے مالیگاؤں بم دھماکہ کے 2008 میں شہید ہوئے نوجوان کے والد نثار احمد صاحب کی طرف سے ہائی کورٹ میں درخواست دینا طے ہوا۔ نثار احمد صاحب اور کل جماعتی تنظیم کے ذمہ داران کی میٹنگ ایڈووکیٹ مچھالہ صاحب سے کرائی گئی۔ اس سلسلے کی تمام خبریں، مضامین، تبصرے وغیرہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے حاصل کر کے ایک فائل بنائی گئی۔
- GIO پر دہشت گردی کے الزام کے خلاف میٹرو پولیٹین مجسٹریٹ سیوڑی کی عدالت میں کریمینل کمپلینٹ دائر کی گئی تھی۔ کورٹ میں اس کی تاریخیں 4/جولائی، 13/جولائی، 4/اگست، 5/ستمبر اور 19/ستمبر 2010 کو تھیں۔ راقم اور ایڈووکیٹ عشرت خان نے کورٹ میں حاضری دی۔
- ممبئی ہائی کورٹ جی آئی او کا سیول ڈیفنس کیس داخل ہے گذشتہ سال اس کی ایک سماعت ہوئی تھی اس کی اگلی سماعت 30 ستمبر 2016 کو متوقع تھی لیکن اب 17/اکتوبر 2016 کو اس کی تاریخ دے دی گئی ہے۔
- علاقائی تفہیمی کیمپوں (ناگپور، ممبرا، اورنگ آباد، مرتضیٰ پور اور ناندیڑ) میں APCR کی اہمیت وضرورت پر اظہار خیال کیا گیا۔


نظماء علاقہ، اضلاع وضلع، امراء مقامی اور نظماء حلقہ ہائے کارکنان کو APCR کی شائع کردہ انسانی وشہری حقوق کتاب 225 عدد فراہم کی گئی۔ رفقاء کو کتاب کے اجتماعی مطالعے کی طرف متوجہ کرایا گیا۔

- دھاراوی کے ایک مسلم ٹیکسی ڈرائیور کی نابالغ بیٹی کسی غیر مسلم لڑکے کے ساتھ فرار ہوگئی۔ مقامی پولس اسٹیشن اس معاملے میں لاپرواہی برت رہا تھا۔ یہ کیس ایڈووکیٹ شہود انور کے سپرد کیا گیا۔
- کارنجہ (واشم) اور ہرسول میں فرقہ وارانہ فسادات پھوٹ پڑنے پر وہاں کی انتظامیہ اور پولس کو میمورنڈم دیے گئے۔ ہرسول کا دورہ سابق صدر جمہوریہ اے پی جے عبدالکلام کے انتقال پر عام تعطیل ہونے کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا۔ جو بعد میں رد ہی کرنا پڑا۔
- پونے APCR کے ذمہ دار انور باغبان صاحب اور گلبرگہ APCR کے ذمہ دار محمد شفیع شیخ کی ممبئی ہائی کورٹ میں تاریخ کے موقع پر ان سے میٹنگ کی گئی۔
- یعقوب میمن کو پھانسی دیے جانے کے بعد جماعت اسلامی ہند کرلا کے ارکان کارکنان کے اجتماع میں ''ملک میں عدل وانصاف کی صورتحال اور ہماری ذمہ داری'' عنوان پر ایک لیکچر پیش کیا گیا۔
- سیکر (راجستھان) کے دہشت گردی کے الزام میں ماخوذ 6 نوجوانوں کے والدین کی طرف سے مولانا محمود مدنی صاحب کو ایک خط ڈرافٹ کیا گیا جس میں موصوف کو مالی تعاون کا وعدہ پورا کرنے کی طرف متوجہ کرایا گیا۔
- ایڈووکیٹ پی اے سباسٹین کے انتقال پر ہونے والی تعزیتی نشست میں شرکت کی گئی۔ آنجہانی جماعت کے پروگراموں میں اظہار خیال کیلئے کئی بار مدعو کیے گئے تھے۔

❖ 1992-93 فسادات میں سلیمان عثمان بیکری پر پولس کی اندھا دھند فائرنگ سے کئی مزدور ہلاک ہوئے تھے۔ یہ کیس عدالتوں میں التواء کا شکار ہے۔ ایڈووکیٹ یوسف مچھالہ صاحب اور فری لانسر صحافی جیوتی پنوانی صاحبہ چاہتی ہیں کہ APCR مہاراشٹر اس کیس میں دلچسپی لے اور اس کے منطقی انجام تک پہنچنے کی کارروائی شروع ہو۔ چنانچہ اس سلسلے میں اس کیس کی چارج شیٹ حاصل کرنے کی کوشش کا آغاز کیا گیا۔ ممبئی امن کمیٹی سے رابطہ کیا گیا جن کے پاس غالباً اس کی نقل موجود ہے۔ کمیٹی کے صدر نے اپنی مصروفیات کی بناء پر بقرعید کے بعد اسے تلاش کرنے کا وعدہ کیا۔

❖ Quill Foundation (کے کے سہیل) کے ساتھ ایک عدد میٹنگ اور ٹیلیفون پر گفتگو میں طے ہوا کہ ممبئی حملہ/ بم دھماکوں میں ماخوذ ذبیح الدین انصاری کی غیر قانونی قید تنہائی کے خلاف کے دباؤ ڈالنے، احتجاج درج کرانے اور قانونی کارروائی کا کام کیا جائے۔ چنانچہ مختلف تنظیموں کی طرف سے ایک پریس ریلیز جاری کیا گیا جس میں APCR بھی شامل ہے۔

اس سلسلے میں ایڈووکیٹ یوسف مچھالہ صاحب کے ساتھ Quill Foundation کے ذمہ داروں کی میٹنگ کرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ذبیح الدین انصاری کے وکیل کی راست مدد کی جائے تا کہ وہ صحیح خطوط پر کیس لڑسکیں یا سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی جائے۔




❖ APCR کی ایک روزہ جنرل باڈی میٹنگ نئی دہلی میں ہوئی۔ اس میں APCR مہاراشٹر کی نمائندگی کی گئی۔

❖ نئی میقات میں ان شاء اللہ ریاست مہاراشٹر میں کم از کم 15 حلقوں میں APCR کی نئی شاخیں قائم کی جائیں گی یا موجود شاخوں کو مستحکم کیا جائے گا۔ اس کے لیے دوروں کا خاکہ بنایا گیا۔ کوشش کی جائے گی کہ جلد سے جلد یہ شاخیں فعال ہو جائیں۔

## ٹرسٹوں کی کارکردگی

### آئیڈیل ریلیف ونگ (IRW):

❖ فی الحال 150 والنٹیرس ہیں۔ نئے والنٹیرس کے لئے مقامات سے ربط کیا جا رہا ہے، دورے کے موقع سے توجہ دلائی جا رہی ہے۔ والنٹیرس کو گورنمنٹ و دیگر NGOs کے ڈِ ڈاسٹر سینٹرس سے ٹریننگ دلائی جا رہی ہے۔

## HRD:

❖ HRD کمیٹی کے منصوبہ بندی کی نشست منعقد کی گئی۔

❖ میقاتی پالیسی و پروگرام کے علاقائی تفہیمی کیمپس ناگپور، ممبرا، اورنگ آباد، ناندیڑ، مرتضی پور میں شعبہ کا تعارف اور منصوبے کی تفہیم کرائی گئی۔

❖ بڑی جماعتوں کے امرائے مقامی کے نام لیٹر جاری کر کے مقامی سطح پر HRD کی منصوبہ بندی اور سکریٹری شعبہ کے دورے اور منتخبہ افراد کی نشاندہی کی طرف متوجہ کیا گیا۔


❖ نظمائے ضلع کے نام لیٹر جاری کر کے افراد کی نشاندہی کی جانب متوجہ کیا گیا۔

❖ جالنہ، امبہ جوگائی اور پرلی جماعت کے اُن رفقاء سے ملاقاتیں کی گئی جو شعبہ کی منصوبہ بندی کا حصہ بننے میں آمادگی ظاہر کیے ہیں۔

❖ ممبران شعبہ کمیٹی سے ریسورس پرسن، اورینٹیشن ورکشاپ کی پروگرام کاپی، کیڈر کے لیے اسائنمنٹ اور پرفامنس اپرائزل سے متعلق تجاویز طلب کی گئی۔

# ادارہ ادب اسلامی ھند

## ادارۂ ادب اسلامی ھند مہاراشٹر :






- کاروان ادب کے آل انڈیا مشاعرہ اور سیمینار بمقام آکولہ میں بطورِ مہمان خصوصی شرکت۔
- ایک سرکلر امراء مقامی ونظماء ضلع کو روانہ کیا گیا۔
- نظام آباد میں جنوبی ہند کانفرس (ادارۂ ادب اسلامی تلنگانہ واُڑیسہ اوراے پی) میں بحیثیت افسانہ نگار شرکت۔
- مرتضٰی پور میں تفہیمی کیمپ کے موقع پر ایک ادبی نشست کا اہتمام۔
- کمیٹی کے رکن جناب متین اچلپوری کی دہلی ادارہ کی میٹنگ میں شرکت۔
- فاروق سید (ایڈیٹر گل بوٹے) کے دفتر میں ادب اطفال اور دیگر موضوعات پر گفتگو ہوئی۔
- رکن کمیٹی جناب محمد اسلم غازی صاحب نے میرا روڈ میں ادبی نشست میں شرکت کی۔اس سہ ماہی میں ڈاکٹر سلیم خان کے ناولوں ''رشتے ناطے'' اور ''تابوت'' پر اور معروف خاتون افسانہ نگار مسرور تمنا کے افسانوں کے مجموعے ''یہ بہار تم سے ہے'' پر تبصرے لکھے گئے اور رسائل میں اشاعت کے لیے بھیجے گئے۔رمضان المبارک، عیدالفطر، بارش کے طوفان، مودی کی غریب مخالف پالیسی، جماعت کی تشکیل، قربانی اور حج کے عنوانات پر رباعیاں اور قطعات کہے گئے انقلاب اور دیگر رسائل میں شائع ہوئے۔

❖ رکن کمیٹی جناب محمد اسلم غازی صاحب نے ''خواتین کی گھریلو مصروفیات اور فریضہ دعوت'' عنوان پر مضمون لکھ کر ماہنامہ حجاب میں شائع کرایا گیا۔



ناندیڑ میں تفہیمی کیمپ کے موقع پر ادارہ ادب اسلامی ہند کی نشست

**ملاقاتیں:**

❖ جناب ہارون موزہ والا صاحب سے ممبئی میں ملاقات، چند اہم مسائل پر گفتگو

❖ جناب اُفق براری ایوت محل ۔ ایک کہنہ مشق بزرگ شاعر سے ملاقات اور علاقہ برار میں ادارہ ادب کے کاموں کے سلسلہ میں گفتگو۔ موصوف آندھرا پردیش میں باقاعدہ ادارہ ادب اسلامی کی نشستوں میں شرکت فرمایا کرتے تھے۔ صدر ادارہ مہاراشٹر کو آپ نے اپنا مجموعہ قلام بھی تحفتاً پیش کیا۔

❖ جناب یعقوب الرحمٰن صاحب (ایوت محل) نے کافی دلچسپی کا مظاہرہ کیا ایوت محل میں ادارہ کا بھرپور تعاون کرنے کا وعدہ کیا۔

❖ جناب عارف دانش وظیفہ یاب لیکچرار اور جناب پروفیسر عبدالستار صاحب (ایوت محل) سے بھی ادبی مسائل پر گفتگو ہوئی۔ برادر ضیاء الدین صاحب ایوت محل کے ادارہ کے ناظم میں موضوع نے شہر کی ادبی شخصیات سے ملاقاتیں کروائیں اور آئندہ ایک بڑے پروگرام کا ارادہ ظاہر کیا۔



**دورے:**

❖ رکن کمیٹی جناب متین اچلپوری نے دہلی اجلاس میں شرکت فرمائی۔

❖ مرکزی سکریٹری جناب محمد اسلم غازی صاحب نے بھی دہلی اجلاس میں شرکت فرمائی۔

**منصوبہ سازی:**

❖ انشاءاللہ نئی میقات کا یک سالہ منصوبہ اور بجٹ کے لیے 4/ اکتوبر کو کھام گاؤں میں میٹنگ ہوگی۔

# جماعت اسلامی ہند کی رکنیت کا معیار مطلوب (دستور کی دفعہ ۹)

ہر رکن جماعت کو کوشش کرنی ہوگی کہ وہ:

- اسلام اور جاہلیت (غیر اسلام) کے فرق سے باخبر اور حدود اللہ سے واقف ہو جائے۔
- اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کرے اور اس کے لیے فرض عبادات کے علاوہ نوافل، اذکار اور تلاوتِ قرآن وغیرہ کا بھی اہتمام کرے۔
- تمام معاملات میں اپنے نقطۂ نظر، خیال اور عمل کو ہدایت الٰہی کے مطابق ڈھالے۔ اپنی زندگی کے مقصد، اپنی پسند اور قدر کے معیار اور اپنی وفاداریوں کے محور کو تبدیل کر کے رضائے الٰہی کے موافق بنائے اور اپنی خودسری اور نفس پرستی کے بت کو توڑ کر تابع امر رب بن جائے۔
- ان تمام رسوم جاہلیت سے اپنی زندگی کو پاک کرے، جو احکامِ شریعت کے خلاف ہوں۔
- ان تعصّبات اور دلچسپیوں سے اپنے قلب کو اور ان مشاغل، جھگڑوں اور بحثوں سے اپنی زندگی کو پاک کرے جن کی بنا نفسانیت یا دنیا پرستی پر ہو اور جن کی کوئی اہمیت دین میں نہ ہو۔
- فساق و فجار اور خدا سے غافل لوگوں سے مودت و موالات کے روابط (نہ کہ عام انسانی تعلقات) منقطع کرے اور نیک اور خدا ترس لوگوں سے ربط و تعلق قائم کرے۔ تشریح: اہل فسق و فجور سے اگر قریبی خاندانی تعلقات ہوں تو ان کے شرعی حقوق بہرصورت ادا کیے جائیں گے اور معروف کے مطابق ان کے ساتھ معاشرتی روابط باقی رکھے جائیں گے۔ البتہ اُن کی غلط کاریوں سے پوری طرح مجتنب رہنا اور صبر و حکمت کے ساتھ ان کی اصلاح کے لیے کوشش کرنا ضروری ہوگا۔
- کسی غیر الٰہی نظام حکومت کا آلۂ کار ہونے یا اس کے قوانین کے اجراء میں مددگار ہونے کی شکل میں اپنے اس ذریعۂ معاش سے جلد از جلد علیحدہ ہو جائے۔
- غیر اسلامی عدالتوں میں اضطرار کے بغیر معاملات کے تصفیے کے لیے نہ جائے۔
- اپنے معاملات کو راستی، عدل، خدا ترسی اور بے لاگ حق پرستی پر قائم کرے۔
- اپنی دوڑ دھوپ اور سعی و جہد کو اقامت دِین کے نصب العین پر مرتکز کر دے اور اپنی زندگی کی حقیقی ضرورتوں کے سوا ان تمام مصروفیتوں سے دست کش ہو جائے، جو اس نصب العین کی طرف نہ لے جاتی ہوں۔

# حلقہ مہاراشٹر کے میقاتی منصوبہ کی روشنی میں رفقاء جماعت کے لیے متعینہ انفرادی سرگرمیاں

## دعوت

- ہر رکن و کارکن کم سے کم 8 / برادرانِ وطن تک ، بالخصوص با اثر حلقہ تک قرآن و سیرت کا پیغام اس طرح پہنچائے گا کہ وہ پیغامِ حق سے کماحقہٗ واقف ہوجائیں۔ نیز اس سلسلے میں 4 وطنی فیملیوں سے ربط رکھا جائے گا۔
- ہر فرد دعوتی کام کے لیے حسب حال درج ذیل طریقے و ذرائع اختیار کرے گا:
انفرادی ملاقات، تقسیم لٹریچر، موبائل، انٹرنیٹ، CD، گیٹ ٹوگیدر، ٹی پارٹی، افطار پارٹی، عید ملن پروگرام، دعوت طعام وغیرہ۔
- وطنی بھائیوں کو مراٹھی اور انگریزی دعوتی ویب سائٹس اور پوسٹل لائبریری (اسلام درشن کیندر) سے وابستہ کرنے کی کوشش کرے گا۔
- وطنی بھائیوں میں مراٹھی ہفت روزہ ''شودھن''، ''ریڈینس'' اور ''کانتی'' کا تعارف کرائے گا اور خریدار بنانے کی کوشش کرے گا۔
- ہر فرد جماعت مراٹھی زبان سیکھنے کی کوشش کرے گا۔ نیز مراٹھی زبان کے تحریکی لٹریچر کا مطالعہ کرے گا۔
- میقات میں کم از کم ایک وطنی بھائی کو معاون بنانے کی کوشش کرے گا۔

## اسلامی معاشرہ

- ہر فرد جماعت بحیثیت قوام اپنے گھر کو ''اسلامی گھر'' بنائے گا اور اپنے اہل و عیال کو اس طرح تیار کرے گا کہ وہ ملک و ملت اور اسلام کے لیے قوت کا ذریعہ بن سکیں۔
- ہر رکن و کارکن 15 / افراد ملت سے گہرا ربط رکھ کر اسلام کی عائلی تعلیمات سے اچھی طرح واقف کروائے گا اور انہیں روبہ عمل لانے کی ممکنہ کوشش کرے گا۔
- ہر فرد کوشش کرے گا کہ اپنے محلے کی مسجد کے امام اور انتظامیہ کے ذمہ داران سے ربط و تعلق قائم و مستحکم ہو اور حسب موقع مسجد کے امور و معاملات میں اپنی خدمت بھی پیش کرے گا۔
- ارکان و کارکنان انفرادی سطح پر حسب حال درج ذیل طریقے اور ذرائع اختیار کریں گے:
انفرادی ملاقات، تقسیم لٹریچر، موبائل، انٹرنیٹ، CD، ویڈیو کلپس، گیٹ ٹوگیدر، گشتی لائبریری وغیرہ۔

## امت کا تحفظ اور ترقی

- ہر فرد مغربی اور فسطائی تہذیب کے اثرات (ویلنٹائن ڈے، سوریہ نمسکار، وندے ماترم وغیرہ) سے خود کو اور اپنے افرادِ خاندان کو محفوظ رکھے گا۔
- ہر فرد جماعت بذات خود اور افراد خاندان کو خود حفاظتی قانون و شرعی طریقوں پر عمل کروائے گا۔
- ہر فرد جماعت بنیادی شہری حقوق ، پولس اور عدالتی نظام کے بنیادی قوانین سے واقفیت حاصل کرے گا (مثلاً FIR، RTI اور BAIL وغیرہ)۔
- ہر فرد جماعت اپنی تعلیمی قابلیت کو بڑھانے کی فکر کرے گا۔ میقات کے اختتام تک کسی اضافی کورس کو مکمل کرے گا۔ E-Learning کا خصوصی اہتمام کرے گا۔ اسی طرح افراد خاندان کو بھی متوجہ رکھے گا۔ ہر سال ایک طالب علم کو اعلیٰ تعلیم کیلئے ترغیب، رہنمائی اور تعاون کرے گا۔
- ہر رکن جماعت میقات میں ایک بے روزگار فرد کو روزگار سے لگائے گا۔
- ہر فرد جماعت حفظانِ صحت کے اسلامی اصولوں پر بھرپور عمل کرے گا۔

## ملکی و عالمی امور

- ہر فرد جماعت فرقہ پرستی و فسطائی رجحانات اور ذات پات کی مخالفت کرے گا۔
- ہر فرد جماعت بین الاقوامی و ملکی سطح پر مسلم نوجوانوں کو دہشت گردی سے جوڑنے کی سماج دشمن عناصر کی جانب سے کی جانے والی سازشوں سے اپنے گھر، خاندان اور سماج کو واقف کروانے اور محفوظ رکھنے کی کوشش کرے گا۔
- غیر ملکی اشیاء کے استعمال سے حتی المقدور اجتناب کی کوشش کرے گا اور غیر سودی سوسائٹی کا ممبر بنے گا۔
- ہر فرد جماعت ہر سال کم از کم ایک درخت لگا کر اس کی آبیاری اور نگہداشت کرے گا نیز ایک پودا کسی کو تحفتاً دے گا۔
- بجلی، پانی اور قدرتی وسائل کے محتاط استعمال، انہیں ضائع ہونے سے بچانے کی کوشش کرے گا۔ اس سلسلے میں روشنیوں کیلئے LED/CFL کا استعمال کرے گا اور Solar Energy کو رواج دے گا۔
- اپنے کام رشوت دیے بغیر کرانے کی حتی المقدور کوشش کرے گا۔ نیز جہیز و ہنڈا کی مخالفت کرے گا۔
- اپنے اور بستی کے بچوں کو نشہ، جوا اور دیگر اخلاقی رذائل سے بچانے کی مخلصانہ کوشش کرے گا۔

## خدمت خلق

- ہر فردِ جماعت مریضوں، معذوروں، حاجت مندوں، یتیموں، بیواؤں کو سہارا دینے و مصیبت زدہ افراد اور مظلوموں کو بلا امتیاز مذہب و ملت حسب استطاعت امداد پہونچانے کی بھرپور کوشش کرے گا۔

## تزکیہ و تربیت

- ہر رکن جماعت اور کارکن اس میقات میں درج ذیل اہداف حاصل کرے گا۔
(a) قرآن مجید کی کسی ایک تفسیر کا مکمل مطالعہ۔
(b) کوئی ایک نئی صلاحیت پیدا کرنا۔
(مثلاً خطابت، تحریر، تجوید، زبانیں سیکھنا، کمپیوٹر، کونسلنگ وغیرہ)
(c) اپنے گھر کے ماحول کو خوشگوار اور اسلامی تعلیمات کے مطابق بنانا۔
(d) روزانہ ناظرہ قرآن کا اہتمام، کم از کم ایک سال میں پورے قرآن کی تلاوت۔
- ہر فرد جماعت حدیث، تاریخ و سیرت اور اسلامی و تحریکی لٹریچر کے مطالعے کی کوشش کرے گا۔
- ہر فرد جماعت قرآنی عربی سیکھنے کی کوشش کرے گا۔
- ہر فرد جماعت اپنی صلاحیتوں کی شناخت کرکے اُس کے ارتقاء پر خصوصی توجہ دے گا۔
- ہر فرد جماعت امیر مقامی کی نگرانی میں اپنے تزکیے کا منصوبہ تیار کرے گا اور اس پر عملدرآمد کی ماہانہ رپورٹ بھی دے گا۔
- ہر فرد جماعت اپنے گھر میں کم از کم ہفتہ میں ایک بار لازماً فیملی اجتماع کا اہتمام کرے گا۔

## تنظیم

- ہر فردِ جماعت تحریک کے لیے روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ فارغ کرے گا۔
- ہر رکن دورانِ میقات دستور جماعت، رودادِ جماعت، تاریخِ جماعت اور تحریکی شعور کا از سر نو مطالعہ کرے گا۔
- ہر رکن و کارکن میقات میں کم از کم ایک کارکن بنائے گا۔
- ہر رکن و کارکن اپنے خاندان کے افراد اور متعلقین کو جماعت، حلقہ خواتین، GIO، SIO، یوتھ ونگ اور چلڈرن سرکل سے وابستہ کرنے کی کوشش کرے گا۔

# رفاقت جو بچھڑ گئی

یکم جولائی تا ستمبر 2015 کی مدت میں درج ذیل ارکان جماعت اسلامی ہند مہاراشٹر اس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔

انالله و انا الیه راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی تحریکی جدوجہد کو شرف قبولیت بخشے اور انہیں جنت الفردوس عطا فرائے۔آمین

## محمد ابراہیم، چارکوپ کاندیولی، ممبئ



چارکوپ کاندیولی کے قدیم رکن جماعت محمد ابراہیم صاحب کا انتقال 4 اگست 2015 کو 81 سال کی عمر میں ہوا مرحوم تحریک اسلامی کے مخلص اور دردمند رفیق تھے 1966 میں جماعت اسلامی ہند کے رکن بنے۔آپ نے (عربی) BA.LLB MA کیا تھا ذریعہ معاش کے لئے آپ نے BEST (ممبئ) میں ٹکٹ و کیش ڈپارٹمنٹ میں ملازمت اختیار کی تھی اور 1999 میں ملازمت سے رٹائرمنٹ لیا۔مرحوم ۲ سال تک ممبئ جماعت (اس وقت تنظیمی طور پر پورے ممبئ کی ایک ہی جماعت تھی) کے قائم مقام امیر بھی رہے۔تحریکی کاموں کے لیے آپ ہمیشہ سرگرم رہے۔اپنی نوکری سے فراغت کے بعد لوگوں سے ملاقات اور لٹریچر کی تقسیم آپ کا روز کا معمول تھا۔انتقال سے کئی سال قبل آپ کی بینائی چلی گی تھی لیکن تحریکی کاموں سے دلچسپی اور جذبہ میں کوئی کمی نہیں آئی۔رفقا کو انفرادی ملاقاتوں پر متوجہ کرتے اور کہتے مجھے بھی ساتھ لے چلو دکھائی نہیں دیا تو کیا ہوا بات تو کر سکتا ہوں۔اس حالت میں بھی کسی سے ملاقات کرنے اور لٹریچر پہنچانے میں بڑی خوشی محسوس کرتے۔ملاڈ کا سوموای دفتر آپ کی کوششوں سے قائم ہوا الفلاح ایجوکیشن ویلفر سوسائیٹی کے قیام اور الفلاح ہائی اسکول حاجی پور روڈ ملاڈ مشرق کے قیام میں بھی آپ کا اہم رول رہا ہے۔آپ چارکوب کے امیر مقامی بھی رہے آپ نے افراد سازی پر خصوصی توجہ دی۔ملاڈ، مالونی اور چارکوب میں کئی افراد آپ کی کوششوں سے رکن بنے۔

## مختار احمد ناچن ، پڑگھا (تھانہ)



مورخہ 29 اگست 2015 پڑگھا (ضلع تھانہ) کے رکن جماعت مختار احمد ناچن صاحب انتقال فرما گئے۔آپ 1961 میں جماعت اسلامی ہند کے رکن بنے۔ مرحوم کئی سال امیر مقامی پڑگھا بھی رہے۔1970 کے فساد کے بعد مقامی جماعت کی جانب سے ریلیف کا کام ہوا۔آپ کی کوششوں سے پناہ گزینوں کے رہائش کے لیے چار چالیاں (رہاہش گاہ) بنائی گی۔جامعۃ المومنات پڑگھا کے قیام و انتظامات میں بھی آپ کا اہم رول رہا۔

## مختار خان ، ناندیڑ



مورخہ 9 ستمبر 2015 کو ناندیڑ کے رکن جماعت مختار خان صاحب انتقال فرما گئے۔مخلص ملنسار، اور فعال شخصیت کے مالک تھے۔مرحوم نے کئی میقاتوں تک چرم ہائے قربانی کی وصولی اور اسے بیت المال میں جمع کرنے کے معاملہ میں جو مستعدی دکھائی اور نظم کی جو پابندی کی وہ بہت متاثر کن تھی پسماندگان میں ۷ لڑکے اور ۴ لڑکیاں شامل ہیں۔

## نہری سید امین الدین، اورنگ آباد

اورنگ آباد کے رکن جماعت نہری سید امین ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ پلاننگ آفیسر مختصر علالت کے بعد بروز بدھ 16 ستمبر 2015، 74 سال کی عمر میں انتقال فرما گئے وہ علمی و روحانی خانواد سے تعلق رکھتے تھے دور شباب سے ہی ذہنی، فکری و عملی اعتبار سے تحریک سے وابستہ رہے تھے، خوش اخلاق، اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ وسیع مطالعہ، قرآن و حدیث اور جدید علوم کا گہرا مطالعہ رکھتے تھے، جماعت سے بے پناہ محبت، نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے فکرمند دعوت دین اور اقامت دین کیلئے کوشاں رہے۔مرحوم دروس قرآن خطبہ جمعہ سے شغف رکھتے تھے۔پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ چار لڑکے اور تین لڑکیاں ہیں۔

## مرزا افتخار بیگ ، منماڑ



مورخہ 29 ستمبر 2015 کو منماڑ کے رکن جماعت مرزا افتخار بیگ صاحب 63 کی عمر میں انتقال فرما گئے۔آپ پیشہ تدریس سے وابستہ تھے۔مخلص ملنسار، بااخلاق اور فعال شخصیت کے مالک تھے آپ ناظم حلقہ کا کنان منماڑ بھی رہ چکے ہیں۔الحمدللہ آپکے فرزند تحریک سے وابستہ ہیں۔

# न्याय आणि सत्याचा अथक शोध म्हणजेच 'शोधन'

## वृत्तपत्र नव्हे मतपत्र

**शोधन**

एकमेव दर्जेदार,
विश्वसनीय
मराठी साप्ताहिक

- बातम्यांमागील बातम्यांचे विश्लेषण
- निर्भीड आणि परखड मतांचे सादरीकरण
- इ.सन १९७४ पासून आजतागायत अखंड योगदान
- अविरत ४१ वर्षांचे समाजप्रबोधन



वार्षिक वर्गणी
रू. २५०/-
फक्त

वर्गणी जमा करण्यासाठी :
'युनियन बँक ऑफ इंडिया,
म. अली रोड, मुंबई.
Name of A/c -
SHODHAN TRUST
A/c No. - 318401010136977
IFSC - UBINO - 531847

मनिऑर्डर पाठविण्याचा पत्ता-
साप्ताहिक शोधन,
१५, माटिवाला बिल्डिंग,
२५/२७, पिरू लेन,
मुंबई - ४००००९.
दूरध्वनी क्र.: (०२२) २३७१३४६६
फॅक्स क्र. : (०२२) २३७३४७८०
ईमेल :
shodhan.weekly@yahoo.co.in

**स्वतः वर्गणीदार वाचक व्हा, मित्र-परिवारासही वाचक बनवा!**